سوال

(712) تم جنگل میں جاؤ گے اور وہاں سے ایک قافلہ گزرے گا..الخ

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلمنےاپنے ایک صحابی رضی اللہ عنہ سے یا ان کے بارے میں فرمایا تھا کہ تم جنگل میں جاؤ گے اور وہاں سے ایک قافلہ گزرے گا جو تمہاری نمازِ جنازہ پڑھائے گا اور تم کو دفن کرے گا، جب انہوں نے وفات پائی تو ان کی بیوی پریشان ہوئی کہ اب میں جنگل میں اکیلی ہوں، اب اس کی تکفین وتدفین کیسے ہوگی؟ بالآخر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق ایک قافلہ وہاں سے گزرا اور اس نے ان کی تکفین وتدفین کی۔ ’’یہ ایک روایت کا مضمون ہے جس میں مجھے بھول بھی لگتی ہے، عرض ہے کہ یہ روایت کہاں ہے؟ اور اس کی کتاب، جلد، اس کا باب اور اس کی فصل بتا دیجیے۔

2...حنظلہ صحابی رضی اللہ عنہ کے غسیل الملائکہ ہونے کی روایت کونسی مستند کتاب میں ہے اور اس کا باب اور اس کی فصل بھی بتا دیجیے۔

3...وائل بن حجر حضرمی رضی اللہ عنہ کا مختصر ترجمہ میں نے جزء رفع الیدین للامام البخاری k، الاکمال فی اسماء الرجال ابن ماجہ، المشکوۃ اور التعلیق المجد علی مؤطا محمد للعلامہ عبدالحی لکھنوی میں پڑھا ہے لیکن میں آپ رضی اللہ عنہ کا مفصل اور مستند ترجمہ پڑھنا چاہتا ہوں۔ وہ کونسی کتاب میں ہے؟ (رانا محمد جمیل خان)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے متعلق ہے۔ اسد الغابہ، محمد بن اسحاق کی السیرۃ النبویہ، الاصابہ اور الاستیعاب میں ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے ترجمہ میں موجود ہے۔ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ تعالیٰ نے لکھا ہے کہ اس کی سند ضعیف ہے۔ ’’

2...الاستعیاب (۱ ۱۰۵) دیکھ لیں۔ فتح الباری کتاب الجنائز باب من لم یر غسل الشہداء بھی ضرور دیکھیں۔ (۳ ۲۱۲)

3...اسد الغابہ، الاستعیاب اور الاصابہ وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کا ترجمہ دیکھیں۔ البدایہ والنہایہ لابن کثیر رحمہ اللہ الخبیر بھی ضرور دیکھیں۔ ۱۶ ۱۲ ۱۴۲۳ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02ص711

محدث فتویٰ